[This question paper contains 2 printed pages]

Roll No. ..............................

S. No. of Question Paper: 3128

Unique Paper Code: 2145001004

Name of the Paper: Study of Urdu Poetry-II

Name of the Course: B.A. (Hons.) GE

Semester: III

Duration: 3 Hours Maximum Marks: 90

*(Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.)*

نوٹ: صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھئے۔ پہلا اور دوسرا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

1۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

(الف)

یہ خاک ہند سے پیدا ہیں جوش کے آثار ہمالیہ سے اٹھے جیسے ابر دریا بار
لہو رگوں میں دکھاتا ہے برق کی رفتار ہوئی ہے خاک کے پردے میں ہڈیاں بیدار
زمیں سے عرش تک شور ہوم رول کا ہے
شباب قوم کا ہے، زور ہوم رول کا ہے
نگاہ شوق ہے اس رنگ کی تماشائی ہے جس شیخ و برہمن پہ بے خودی چھائی
ہر ایک گام پہ کرتے ہوئے جبیں سائی چلے ہیں بہر زیارت وفا کے سودائی
وطن کے عشق کا بت بے نقاب نکلا ہے
نئے افق پہ نیا آفتاب نکلا ہے

(ب)

یاں آدمی ہی نار ہے، اور آدمی ہی نور
یاں آدمی ہی پاس ہے، اور آدمی ہی دور
کل آدمی کا حسن و قبح میں ہے یاں ظہور

شیطان بھی آدمی ہے، جو کرتا ہے مکر و زور
اور ہادی رہنما ہے، سو ہے وہ بھی آدمی
مسجد بھی آدمی نے بنائی ہے یاں، میاں!
بنتے ہیں آدمی ہی امام اور خطبہ خواں
پڑھتے ہیں آدمی ہی قرآں، اور نماز یاں
اور آدمی ہی ان کی چراتا ہے جوتیاں
جو ان کو تاڑتا ہے سو ہے، وہ بھی آدمی

:2 درج ذیل میں سے پانچ اشعار کی تشریح مع حوالہ کیجئے۔ شاعر کا نام بھی بتائیے۔

اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا    رنج راحت فزا نہیں ہوتا
تم ہمارے کسی طرح نہیں ہوئے    ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا
چارۂ دل، سوائے صبر نہیں    سو، تمھارے سوا نہیں ہوتا
ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں    ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں
تو شاہیں ہے، پرواز ہے کام تیرا    ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں
ہستی اپنی حباب کی سی ہے    یہ نمائش سراب کی سی ہے
بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں    حالت اب اضطراب کی سی ہے
دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے    آخر اس درد کی دوا کیا ہے؟
سبزہ و گل کہاں سے آئے ہیں    ابر کیا چیز ہے ہوا کیا ہے

3۔ غزل کی تعریف بیان کیجیے اور اردو میں اس کی روایت پر اظہار خیال کیجیے۔

4۔ نظم کے آغاز اور ارتقاء پر روشنی ڈالیے۔

5۔ نظم صبح آزادی کے مرکزی خیال پر ایک نوٹ لکھیے۔

6۔ چکبست کی نظم نگاری کی خصوصیات کا جائزہ لیجیے۔

7۔ مرزا غالب کی غزل گوئی کی خصوصیات لکھیے۔

8۔ مومن کی غزل گوئی پر ایک مضمون لکھیے۔

*****